ALT / Fazil

14-06-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ................................ کلیم احمد

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1- حکومت نے، احمد آباد میں ایئر انڈیا کے طیارہ حادثے کی تحقیقات کے لیے اعلیٰ سطح کی ایک کثیر جہتی کمیٹی تشکیل دی ہے۔

2- ایران نے، اسرائیل کے خلاف سینکڑوں میزائل اور ڈرون سے، جوابی حملے کیے ہیں۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ اسرائیل کے اس حملے سے ایران کے ساتھ نیوکلیائی معاہدہ کرنے میں مدد ملے گی۔

3- پیٹرولیم و قدرتی گیس کے وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے یقین دلایا ہے کہ بھارت کے پاس، مغربی ایشیاء تنازعے کے دوران آئندہ مہینوں کے لیے پیٹرولیم مصنوعات کی وافر سپلائی موجود ہے۔

4- شمال مغربی بھارت میں جھلسا دینے والی گرمی سے کوئی نجات نہیں ہے، کیونکہ بہت سی جگہوں پر درجۂ حرارت 43 ڈگری سے اوپر چلا گیا ہے۔ IMD نے راجستھان کے لیے اگلے دو دن تک کے لیے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

5- بھارت کی، سُروچی سنگھ نے، میونخ میں ISSF عالمی کپ کے، خواتین کے 10 میٹر ایئر پسٹل مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

6- اور کرکٹ میں، جنوبی افریقہ کو عالمی ٹیسٹ چیمپئن شپ میں کامیابی کے لیے 69 رن کی ضرورت ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

AI Crash Committee

حکومت نے، ایئر انڈیا کی پرواز AI-171 کے، حادثے کا شکار ہونے کی وجوہات کا پتہ لگانے کے لیے ایک اعلیٰ سطح کی کثیر جہتی کمیٹی تشکیل دی ہے۔ یہ طیارہ جمعرات کو احمد آباد سے لندن کے Gatwick ہوائی اڈّے جا رہا تھا۔

شہری ہوابازی کی وزارت نے، ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ یہ کمیٹی پروازیں چلائے جانے کے موجودہ معیاری طریقِ کار اور اُن رہنماء خطوط کی جانچ کرے گی، جو اس طرح کی اچانک صورتحال کی روک تھام اور اِس سے نمٹنے

کے لیے جاری کی گئی تھیں۔

یہ کمیٹی مستقبل میں اِس طرح کے حادثات سے نمٹنے کے لیے جامع رہنماء خطوط بھی تجویز کرے گی۔

پوسٹ میں میں کہا گیا ہے کہ یہ کمیٹی، متعلقہ تنظیموں کی طرف سے جاری دیگر تحقیقات کا کوئی متبادل نہیں ہے، البتہ یہ مستقبل میں اِس طرح کی صورتحال کی روک تھام اور اِس سے نمٹنے کے لیے رہنماء خطوط تشکیل دینے پر توجہ مرکوز کرے گی۔×

**Rev AI Flight IMA**

احمدآباد میں ایئر انڈیا کے طیارہ حادثے میں مرنے والوں کی تعداد میں 254 ہوگئی ہے۔ طیارے میں 242 افراد سوار تھے، جس میں 169 بھارتی شہری، 53 برطانیہ کے شہری، پرتگال کے سات شہری اور ایک کینیڈا کا شہری تھا۔ اس میں عملے کے 12 افراد بھی تھے۔ صرف ایک شخص جو بھارت نژاد برطانوی شہری تھا اس حادثے میں بچ گیا۔

انڈین میڈیکل ایسو سی ایشن، گجرات کے صدر میہول شاہ نے میڈیکل کے چار طلبا اور ایک ڈاکٹر کی اہلیہ کی موت کی تصدیق کی ہے۔

**Iran Israel Attack**

ایران نے، کل رات اسرائیل کے خلاف ایک جوابی حملہ کیا ہے، جس کے تحت اُس نے بقول ایران کے ''آپریشن **Severe Punishment**'' میں اسرائیلی شہروں پر سینکڑوں میزائلوں اور ڈرون سے حملے کیے ہیں۔ اِن حملوں کے دوران اسرائیل میں بڑے پیمانے پر سائرن بجتے رہے اور لاکھوں شہریوں کو، شیلٹرز میں جانا پڑا، کیونکہ دھماکوں سے تل ابیب اور یروشلم لرز اُٹھا۔

ایران کی طرف سے یہ حملے، اسرائیل کے ہاتھوں ایران کے خلاف فوجی کارروائی کے بعد کیے گئے ہیں۔ یہ فوجی حملے عراق پر 1980 میں کیے گئے، حملوں کے بعد اب تک کے سب سے خطرناک حملے ہیں۔ اِن میں نیوکلیائی تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا ہے اور ایران کے چوٹی کے فوجی کمانڈروں کو ہلاک کیا گیا ہے۔

اِن حملوں کو، ایران کو، نیوکلیائی ہتھیار تیار کرنے سے روکنے کے لیے پہلے سے کی گئی کارروائی بتایا گیا ہے۔

ہمارے نامہ نگار کی ایک رپورٹ

**V/C - Vinod Kumar**

ایران کے روحانی پیشوا آیت اللہ علی خامنہ ای نے اعلان کیا ہے کہ اسرائیل نے جنگ شروع کی ہے۔ انہوں نے عہد کیا ہے کہ انتقام، دردناک ہوگا اور اسرائیل کو کہیں چھپنے کی جگہ میسر نہیں آئے گی۔ ایران کے سرکاری میڈیا نے بقول اُن کے اسرائیلی جارحیت کے خلاف تباہ کُن جوابی کارروائی شروع کیے جانے کے طور پر ایک بڑے میزائل حملے کا منصوبہ بنایا ہے۔ پاسدارانِ انقلاب نے تصدیق کی ہے کہ ایران کی

فوجیں لگاتار فوجی کارروائی کے لیے پوری طرح تعینات کی جا رہی ہیں، جس سے اشارہ ملتا ہے کہ کل رات کی گئی بمباری اس جوابی حملے کا آغاز ہے۔

دبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں..................

**Trum Israel Iran**

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ اسرائیل کے حملوں سے ان کی انتظامیہ کو ایران کے ساتھ جوہری معاہدہ کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ جب ان سے یہ پوچھا گیا کہ آیا اسرائیل کی بمباری سے مذاکرات خطرے میں پڑ گئے ہیں، تو انھوں نے کہا کہ ہوسکتا ہے کہ اب ایران سنجیدگی سے مذاکرات کرے۔

اِس سے پہلے، جناب ٹرمپ نے اسرائیل کے ایران پر حملے کے بعد پہلی بار اسرائیل کے وزیراعظم نیتن یاہو سے فون پر بات کی۔ صدر ٹرمپ نے ایران پر بار بار زور دیا ہے کہ وہ مزید اسرائیلی حملوں سے بچنے کیلئے جوہری معاہدہ کرلے ورنہ اور شدید حملے ہوں گے۔

**PM Israel**

اسرائیل کے وزیر اعظم بنجامن نتن یاہو نے، وزیر اعظم نریندر مودی کو مغربی ایشیاء میں بدلتی ہوئی صورتحال کے بارے میں کل فون پر آگاہ کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ انہوں نے بھارت کی تشویش سے آگاہ کیا اور خطّے میں امن و استحکام کی جلد بحالی کی ضرورت پر زور دیا۔

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کو، اسرائیل کے اُن کے ہم منصب Gideon Saar کی طرف سے، حالیہ واقعات کے بارے میں ایک کال موصول ہوئی۔ جناب جے شنکر نے، تازہ ترین صورتحال پر، ایران کے وزیر خارجہ سید عباس اراغچی سے بھی بات چیت کی۔

**Puri India Energy**

پٹرولیم اور قدرتی گیس کے مرکزی وزیر جناب ہردیپ سنگھ پوری نے کہا ہے کہ ملک میں آنے والے مہینوں کیلئے توانائی کی سپلائی کافی مقدار میں موجود ہے۔ انہوں نے کل پٹرولیم سکریٹری اور انڈین ایز جی پبلک سیکٹر کے اداروں کے سربراہوں کے ساتھ ایک جائزہ میٹنگ کے بعد اپنے سوشل میڈیا پیغام میں اس بات کی جانکاری دی۔ وزیر موصوف نے تیل کی سپلائی سے متعلق اِس کی اہمیت کو موجودہ تناظر میں اُجاگر کیا ہے کیونکہ ایران پر اسرائیل کی جانب سے کئے گئے حملے کے بعد گزشتہ روز تیل کی بین الاقوامی قیمتوں میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے۔ بھارت سالانہ 150 بلین امریکی ڈالر مالیت کی توانائی درآمد کرتا ہے اور اِس کی 80 فیصد خام تیل کی ضروریات درآمدات سے پوری ہوتی ہے۔

**Jaishankar France**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے، یوروپ، خاص طور پر فرانس کے ساتھ بھارت کی طرف سے دفاعی سرگرمیوں میں

گہرائی لائے جانے کا خاص طور پر ذکر کیا ہے۔ یہ سرگرمیاں گہرے تعلقات اور مشترکہ مفادات کی روشنی میں کی جا رہی ہیں۔
فرانس کے شہر Marseilles میں ''رائے سینا میڈیٹیرینین میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ فرانس، یوروپ میں کئی طرح بھارت کا سب سے زیادہ آزمودہ شراکت دار ہے۔
یوروپی یونین کے ساتھ آزاد تجارتی معاہدے FTA کے بارے میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ دونوں کا مقصد اسے ایک سال کے اندر اندر قطعی شکل دینا ہے۔

**BREAK**

**یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔**

**GONG**

**Rev.IMD Weather**

گرمی سے راحت نظر نہیں آرہی ہے اور شمال بھارت کے بہت سے حصوں میں درجہ حرارت 45 ڈگری سیلسیس سے تجاوز کر گیا ہے۔ IMD کے مطابق راجستھان کے سری گنگا نگر علاقے میں درجہ حرارت 47 اعشاریہ تین ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا جبکہ ہریانہ کے سرسہ میں درجہ حرارت 46 اعشاریہ چار ڈگری تک پہنچ گیا۔
بھارت کے موسمیات کے محکمے نے راجستھان کے لیے ریڈ الرٹ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ خطّے میں اگلے دو سے تین دن تک دھول بھری آندھی کے ساتھ شدید گرم لہر کی صورتحال برقرار رہے گی۔ IMD کے مطابق جموں کشمیر، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی، مدھیہ پردیش، پنجاب اور اترپردیش میں آج دوردراز کے مقامات پر بھی گرم لہر کی صورتحال رہے گی، جبکہ بہار، سوراشٹر اور کچھ مین موسم گرم اور مرطوب رہے گا۔
اس دوران IMD نے ساحلی کرناٹک، کیرالہ، ماہے، کونکن، گوا، تمل ناڈو، پڈوچیری اور کرائیکل کے دوردراز علاقوں میں شدید سے شدید تر بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔

**PUNJAB WEATHER**

پنجاب میں اب بھی گرمی کی شدت برقرار ہے۔ محکمہ موسمیات نے اورنج الرٹ جاری کیا ہے۔ بھٹنڈا میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 46 ڈگری سیلسس ریکارڈ کیا گیا۔

**V/C- Rajesh Bali**

امرتسر، لدھیانہ، بھٹنڈا اور پنجاب کے کچھ دیگر مقامات پر گرمی کا سلسلہ اب بھی جاری ہے۔ بھٹنڈا کے بعد فاضلکا سب سے گرم ضلع رہا، جہاں 45 ڈگری سیلسس سے زیادہ درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا۔ اس کے بعد فرید کوٹ 45 ڈگری، امرتسر اور لدھیانہ 43 ڈگری، جبکہ دیگر اضلاع میں 39 سے 43 ڈگری سیلسس کے درمیان

ریکارڈ کیا گیا۔ چنڈی گڑھ میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 39 اعشاریہ چھ ڈگری سیلسس ریکارڈ کیا گیا۔ جالندھر کے پاس آدم پور میں درجہ حرارت سب سے کم 29 اعشاریہ 9 ڈگری رہا۔ گرمی کی شدت سے کل سے کچھ نجات کی امید ہے۔

جالندھر سے راجیش بالی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں اسلم بیگ

## Ayush Yoga

آیوش کی وزارت آج، نئی دلی میں ایک کرۂ ارض، ایک صحت کیلئے یوگ پر مبنی ایک ہائبرڈ عالمی سربراہ کانفرنس یوگ کنیکٹ کی میزبانی کرے گی۔ اس سربراہ کانفرنس کا انعقاد اِس ماہ کی 21 تاریخ کو گیارہویں بین الاقوامی یوم یوگ کے انعقاد سے پہلے ایک اہم پیش رفت کے طور پر کیا جارہا ہے۔

پروگرام میں ایک ہزار سے زیادہ شرکا ہوں گے۔ اس کے ساتھ ساتھ دنیا بھر کے سرکردہ بین الاقوامی یوگ اداروں اور فلاح وبہبود سے متعلق کمیونٹیز کے افراد بھی شرکت کریں گے۔

## ISSF Shooting

شوٹنگ میں بھارت کی سروچی سنگھ نے، جرمنی کے شہر میونخ میں ISSF ورلڈ کپ کے خواتین کے 10 میٹر ایئر پسٹل فائنل میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ انھوں نے کل فرانس کی Camille Jedrzejewski کو صفر اعشاریہ دو پوائنٹ کے فرق سے ہرایا۔ انھوں نے مجموعی طور پر 241 اعشاریہ 9 پوائنٹ حاصل کئے۔ چین کی Yao Qianxun نے 221 اعشاریہ سات پوائنٹس کے ساتھ کانسے کا تمغہ جیتا۔ سروچی کا ISSF ورلڈ کپ میں 10 میٹر ایئر پسٹل میں لگاتار تیسرا انفرادی سونے کا تمغہ ہے۔

اِس مقابلے میں بھارت کے تمغوں کی تعداد تین ہوگئی ہے۔ اِس طرح سے وہ فہرست میں چوتھے مقام پر ہے۔ چین پانچ تمغوں کے ساتھ پہلے مقام پر ہے۔

## WTC Championship

جنوبی افریقہ کی ٹیم نے لارڈس کے میدان میں آسٹریلیا کے خلاف تیسرے دن کے کھیل کے دوران اپنی برتری قائم رکھی اور عالمی ٹیسٹ چمپئن شپ 2025 کے فائنل کے قریب پہنچ گئی ہے۔ ٹیم کو عالمی ٹیسٹ چمپئن شپ میں جیت کیلئے 69 رن کی ضرورت ہے اور اُس کی 8 وکٹیں ابھی بھی باقی ہیں۔ 282 رن کے ہدف کے حصول کیلئے جنوبی افریقہ نے تیسرے دن کا کھیل ختم ہونے تک 2 وکٹ پر 213 رن بنالئے تھے۔

## Hocke

FIH ہاکی پرولیگ میں، بھارتی مَردوں اور خواتین کی ٹیمیں آج مقابلہ کریں گی۔ بھارتی ٹیم کو ایک فیصلہ کن صورتحال کا سامنا ہے، کیونکہ وہ بلجیم کے Antwerp میں آسٹریلیا سے مقابلے کیلئے تیار ہے۔ میچ بھارتی وقت کے مطابق دوپہر دو بجے

شروع ہوگا۔ بھارتی ٹیم اپنے چار میچوں میں ہار کے سلسلے کو ختم کرنے ارادے سے میدان میں اترے گی۔
اِدھر خواتین کی ہاکی ٹیم لیگ کے دوسرے اور آخری مرحلے کا آغاز کرنے کیلئے تیار ہے، جس کا سامنا یوروپی لیگ میں آسٹریلیا، ارجنٹینا، بلجیم اور چین سے ہوگا۔ خواتین ہاکی ٹیم کا مقابلہ لندن میں آسٹریلیا کی ٹیم سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق ساڑھے پانچ بجے شروع ہوگا۔X

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... فہیم احمد
شکریہ - کلیم

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات نے اسرائیل کے ایران پر کئے گئے حملے کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا کی شہ سرخی ہے: ایران پر اسرائیل کا بڑا حملہ، نیوکلیائی اور فوجی ٹھکانوں کو بنایا نشانہ، پاسداران انقلاب کے سربراہ، آرمی چیف اور نیوکلیائی سائنسداں جاں بحق۔ اخبار کی ایک اور سرخی ہے کہ بھارت کی تحمّل سے کام لینے، بات چیت اور سفارتکاری سے حل تلاش کرنے کی اپیل۔ ہندوستان ایکسپریس کی سرخی ہے: نیتن یاہو نے مودی کو ایران پر حملے کی معلومات دیں۔

اخبار انقلاب نے احمدآباد میں طیارہ حادثے سے متعلق خبر کو سرخی بناتے ہوئے لکھا ہے کہ احمدآباد میں وزیراعظم نریندر مودی نے جائے حادثہ کا دورہ کیا، زخمیوں سے ملاقات کی۔

اخبار پرتاپ کی ایک سرخی ہے: حادثے کا شکار ایئر انڈیا جہاز کا بلیک باکس اور وائس ریکارڈر برآمد۔

اخبار نے سالانہ امرناتھ یاترا کے تعلق سے لیفٹیننٹ گورنر کی طرف سے انتظامی تیاریوں کا جائزہ لئے جانے کی خبر کو نمایاں طور شائع کیا ہے۔X

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- حکومت نے، احمد آباد میں ایئر انڈیا کے طیارہ حادثے کی تحقیقات کے لیے اعلیٰ سطح کی ایک کثیر جہتی کمیٹی تشکیل دی ہے۔

2- ایران نے، اسرائیل کے خلاف سینکڑوں میزائل اور ڈرون سے، جوابی حملے کیے ہیں۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ اسرائیل کے اس حملے سے ایران کے ساتھ نیوکلیائی معاہدہ کرنے میں مدد ملے گی۔

3- پیٹرولیم و قدرتی گیس کے وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے یقین دلایا ہے کہ بھارت کے پاس، مغربی ایشیاء تنازعے کے

دوران آئندہ مہینوں کے لیے پیٹرولیم مصنوعات کی وافر سپلائی موجود ہے۔

4- شمال مغربی بھارت میں جھلسا دینے والی گرمی سے کوئی نجات نہیں ہے، کیونکہ بہت سی جگہوں پر درجۂ حرارت 43 ڈگری سے اوپر چلا گیا ہے۔ IMD نے راجستھان کے لیے اگلے دو دن تک کے لیے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

5- بھارت کی، سُروچی سنگھ نے، میونخ میں ISSF عالمی کپ کے، خواتین کے 10 میٹر ایئر پسٹل مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

6- اور کرکٹ میں، جنوبی افریقہ کو عالمی ٹیسٹ چیمپئن شپ میں کامیابی کے لیے 69 رن کی ضرورت ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------------